© rasailojaraid.com



نظرات کی کتابت ہو چکی تھی کہ شاہ فیصل رحمۃ اللہ علیہ کے حادثہ فاجعہ کی اطلاع ملی۔ بلاشبہ یہ حادثہ اس وقت پورے عالم اسلام کے لئے بہت بڑا اور ناقابل تلافی المیہ ہے۔ آئندہ اشاعت میں اس پر تفصیل سے اظہار خیال کیا جائے گا۔

---

## مولانا عبدالماجد دریا بادی مدظلہٗ العالی کا مکتوب گرامی

پچھلے دنوں صدق جدید میں پہلے ہی صفحہ پر "صدق کا مستقبل" کے عنوان سے خود مولانا کا لکھا ہوا نوٹ نظر سے گزرا تو طبیعت سخت بے چین اور مضطرب ہوئی اور فوراً مولانا کی خیریت وعافیت مزاج اور صحت کی رفتار معلوم کرنے کے لئے حکیم عبدالقوی صاحب کے نام ایک خط لکھا۔ الحمدللہ کہ اس عریضہ کا جواب مولانا نے خود اپنے قلم سے لکھا ہے، ہم ذیل میں اس مکتوب گرامی کو شائع کرنے کا شرف حاصل کرتے ہیں۔

بسم اللہ

مورخہ ۱۹ مارچ ۱۹۷۵ء　　صدق　　دریاباد ضلع بارہ بنکی

برادرم وعلیکم السلام

اپنے مردہ خط کا نمونہ دکھانے کے لئے ایک دوسطریں اپنے ہاتھ سے لکھے دیتا ہوں، بھولیاں کثرت سے ہوتی ہیں، بولنے میں بھی اور لکھنے میں بھی، اخبار، رسالے، کتابیں کے مطالعہ میں بڑی ہی دشواریاں ہوتی ہیں، پیشاب کے لئے رات میں تین چار بار اٹھنا پڑتا ہے، ذاتی کتب خانہ (......[1]) الگ کر دیا ہے، ندوہ اور علی گڑھ کے ناچلنے میں زیادہ تھکن نہیں ہوتی، کھڑے ہونے میں البتہ ہوتی ہے، آپ کا مضمون

---

[1] اس ایک پرائیویٹ بات لکھی تھی، ہم نے اسے حذف کر دیا ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سیرت نبوی کے ماخذوں پر بڑی دلچسپی اور شوق سے پڑھ رہا ہوں، مہینوں سے داد دینے کے لئے تڑپ رہا ہوں، جزاک اللہ و ماشاء اللہ، بشرط زندگی کانووکیشن میں آؤں گا، ان شاء اللہ، سفرات کی گاڑی سے نہیں کر سکتا، والسلام

دعاگو دعاخواہ

عبدالماجد

# انتخاب الترغیب والترہیب

مولفہ: حافظ محدث ذکی الدین المنذری رح

ترجمہ: مولوی عبداللہ صاحب دہلوی

اعمال خیر پر اجر و ثواب اور بدعملیوں پر زجر و عتاب پر متعدد کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن اس موضوع پر المنذری کی اس کتاب سے بہتر اور کوئی کتاب نہیں ہے اس کے متعدد ترجمے وقتاً فوقتاً ہوئے مگر نامکمل ہی شائع ہوئے۔ کتاب کی افادیت اور اہمیت کے پیش نظر اس کی ضرورت تھی کہ اس میں مکررات اور سندوں کے اعتبار سے کمزور حدیثوں کو نکال کر اصل متن تشریحی ترجمہ کے ساتھ ملاکر طبع کرایا جائے۔ ندوۃ المصنفین دہلی نے نئے عنوانوں اور نئی ترتیب کے ساتھ شائع کرنے کا پروگرام بنایا ہے جس کی پہلی جلد آپ کے سامنے ہے۔ اس جلد کے شروع میں حدیث اور اس کے متعلقات پر ایک مبسوط اور طویل مقدمہ بھی ہے اس کے بعد اصل کتاب مع تشریحی ترجمہ شروع ہوئی ہے۔

صفحات ۵۰۴ قیمت -/۱۵ مجلد -/۱۸

**ندوۃ المصنفین، اردو بازار، جامع مسجد دہلی ۶**



© rasailojaraid.com